No.dgac-2(26)/2023

## از دفتر ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گلگت بلتستان

### ٹینڈر اشتہار برائے مالی سال 2025-26

اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گلگت بلتستان کو مالی طور پر مستحکم اور متعلقہ شعبے میں کم از کم تین سالہ تجربہ رکھنے والے رجسٹرڈ جنرل آرڈر سپلائیرز / کنٹریکٹر حضرات سے درجہ ذیل شعبوں میں ج مالی سال 2025-2026 کیلئے الگ الگ ٹینڈر مطلوب ہیں. مطلوبہ ٹینڈر کے لیے دستاویزات جمع کرنے کی آخری تاریخ 19 اگست 2025 بوقت 11:00 بجے دن ہے جبکہ ٹیکنکل ٹینڈر اسی دن 11:30 بجے تمام ٹینڈر دہندہ گان یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں دفتر ھذا میں کھولے جائینگے۔

1۔ گاڑیوں کی مرمت و پرزہ جات کی فراہمی

۲۔ فراہمی آفس اسٹیشنری

**شرائط۔**

۱۔ ٹینڈر دہندہ گان کی گلگت شہر میں مذکورہ بالا شعبہ جات کیلئے درکار دوکان / ورکشاپ کا ہونا لازمی ہے ۔

۲۔ جو ٹینڈر دہندہ گان ٹیکنکل ٹنڈر کے لیے اہل ہونگے انھیں کا مالیاتی ٹینڈر کھولا جائے گا۔

۳۔ ٹیکنکل اور مالیاتی ترجیحی بالترتیب 60% (مالیاتی) اور 40% (ٹیکنکل) ہوگی۔

۴۔ گاڑیوں کی مرمت مزدوری بشمول مذکورہ آئٹمز میں تصور کیا جائے گا (الگ سے نہیں)۔

۵۔ ٹینڈر کمپیوٹر ٹائپنگ میں دینا لازمی ہے ہینڈ رائٹنگ میں قبول نہیں ہوگا۔

۶۔ ٹیکنکل اور فائنینشل بڈز الگ الگ لفافوں میں ایک ہی وقت میں سنگل سٹیج دو لفافوں کی بنیاد پر جمع کرانا ہوگا اور کال Deposit کو Technical Envelop میں منسلک ہونا لازمی ہے۔

۷۔ بلیک لسٹ یا ناقص کارکردگی والے ٹھیکیدار کو ٹینڈر سے نکالا جائے گا۔

۸۔ ٹینڈر دہندگان کو کسی شیڈول بنک کا کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گلگت بلتستان مبلغ 100,000 روپے زر بیعانہ ٹینڈر کے ساتھ پیشگی جمع کرانا ہوگا۔

۹۔ کوئی آئیٹم ٹینڈر لسٹ سے ہٹ کر فراہم کرنے کی صورت میں سپلائیر مارکیٹ ریٹ کے مطابق فراہم کرنے کا پابند ہوگا اور غیر مناسب ریٹ بشمول زیرو ریٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔

۱۰۔ جس گاڑی کے آئیٹم ریٹ ٹینڈر میں دیا گیا بل اسی کے مطابق دینے کا پابند ہوگا اس میں کوئی عذر داری قابل قبول نہیں ہوگی۔

۱۱۔ مجاز کمیٹی تمام یا کسی ایک ٹینڈر کو بلا اظہار وجوہ مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

۱۲۔ بعد از معیاد اور مبہم جمع کرائے گئے ٹینڈر قابل قبول نہیں ہونگے۔

۱۳۔ کسی بھی تنازعے کی صورت میں محکمہ کی طرف سے مقررہ کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا جس کے خلاف کسی بھی عدالت سے رجوع کرنے کا کسی بھی فریق کو کوئی حق حاصل نہ ہوگا۔

۱۴۔ تمام ٹینڈر دہندگان پر لازم ہوگا کہ وہ اپنے آخری دو سالہ بنک سٹیٹمنٹ کی تفصیلات جمع کرائیں اور اکاونٹ میں کم از کم پانچ لاکھ کا بیلنس ہونا ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ان کا NTN نمبر ، رجسٹریشن سرٹفیکیٹ اور وینڈر نمبر بھی فراہم کرے۔

۱۵۔ غیر مناسب ریٹ دینے والے ٹھیکداروں کے ٹینڈر کو مسترد کیا جائے گا۔

۱۶۔ مذکورہ ٹینڈر 30 جون 2026 تک لاگو ہونگے۔

۱۷۔ ٹینڈر ڈکومینٹس مبلغ -/4000 روپے کے عوض ڈائریکٹریٹ جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گلگت بلتستان نوید شہید روڈ جوٹیال گلگت سے دفتری اوقات میں حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔

ٹینڈر نوٹس GBPPRA ویب سائیٹ (www.gbppra.gov.pk) پر بھی دستیاب ہے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر / ڈی ڈی او
اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گلگت بلتستان
05811-930381